Department of Education

## تعلیمی، طرز معاش اور اہم صلاحیتوں کے (ACES) پروگرام

ACES پروگرام ایک ایسا پروگرام ہے جس کو عقلی یا متعدد معذوریوں کے حامل طلبا اور نیو یارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA) میں شرکت کرنے والے طلبا کے لیے مناسبتی کڑی تعلیمی تدریس فراہم کرنے کے لیے ڈیزائین کیا گیا ہے۔ ACES پروگراموں کی پیشکش ضلع 32-1 میں کنڈر گارٹن تا گریڈ 12 میں کی جاتی ہے۔

ACES پروگرام مشمولی طریقوں، تمام طلبا کی شمولیت کے معنی خیز مواقع کی پیشکشوں کو پروان چڑھاتا اور فروغ دیتا ہے اور پورے اسکولی دن کے دوران عام تعلیم ہمسروں اور نصاب تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔ اسکول کے قائدین کا یہ ماننا ہے کہ طلبا بہترین طور پر اس وقت سیکھتے ہیں جب یہ مکمل طور پر شرکت کرتے ہیں اور اسکول کی برادری کے خیرمقدم کرنے والے ممبر بنتے ہیں۔ ACES پروگرام اسکول، تحقیق اور ثبوت پر مبنی، منظور شدہ نصاب، خاص طور پر ڈیزائن کردہ تعلیم، معقول تشخیصات، اور رسائی شدہ تمام شعبوں کو استعمال کر کے، طالب علم کی حصولیابی کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے مختلف وسائل کو استعمال کر کے اعانتوں کے مجموعے کو ضروریات کے مطابق بناتے ہیں۔ اہل طلبا اکثر مندرجہ ذیل خصوصیات کا مظاہرہ کرتے ہیں:

### ACES طالب علم کا پس منظر (پروفائل)

- **درجہ بندی:** طالب علم کا عقلی معذوری (ID) یا متعدد معذوریوں (MD) کے لیے تعلیمی معذوری کی درجہ بندی کا اہل ہونا لازمی ہے اور اس کو متبادل تشخیص میں شرکت کرنے کے لیے اہل ہونا چاہیئے، بشمول نیو یارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA) کے۔
- **ادراک / ذہانت:** طلبا جن میں معتدل سے اوسط ذہنی معذوری ہے۔
- **حصولیابی:** تعلیمی قابلیت اور صلاحیتیں گریڈ کی سطح سے نیچے ہوتی ہیں۔ طلبا کو خومختار طور پر یا گروپ میں کام کرتے وقت اضافی معاونت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ تعلیم اور تعامل کی معاونت کے لیے امدادی ٹیکنالوجی کے آلات کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- **طرزِ عمل:** طلبا کو طرز عمل کی کم یا متوسط مسابقتیں درپیش ہو سکتی ہیں، لیکن جارحانہ یا اپنی ذات کو نقصان پہنچانے کا نہیں۔ طرز عمل کی مسابقتیں تعلیم اور سماجی طور پر گھل ملنے کے مواقع میں مداخلت کر سکتی ہیں۔
- **A**مطابقتی صلاحتیں: طالب علم کی زندگی کی افعالی صلاحیتوں کو انجام دینے کی اہلیت جیسے سنورنا، لباس پہنا، کھانا، محفوظ رہنا اور میل جول رکھنا (انہیں مطابقتی طرزِ عمل جانا جاتا ہے) عمر کے لحاظ سے توقعاتی سطح سے کافی نیچے ہوگی۔ خود مختاری اور روز مرہ زندگی کی صلاحیتوں کی تشخیص کرنے کے لیے ایک طالب علم کی IEP ٹیم مطابقتی طرز عمل کے ٹیسٹ کو استعمال کرتی ہے۔ مطابقتی طرزِ عمل میں کم اسکور والے طلبا کو اکثر ACES پروگرام کے لیے زیرِغور لایا جاتا ہے۔
- **روز مرہ زندگی گذارنے کی صلاحتیں:** ACES پروگرام ہمسروں اور بالغان کے ساتھ تعلقات اور روزمرہ زندگی گذارنے کے لیے درکار صلاحیتیں تعمیر کرنے جیسی زندگی کی صلاحیتوں سیکھنے میں طالب علم کی معاونت کرنے کے لیے اسکول اور مقامی برادری کو استعمال کرتے ہیں۔
- **ملازمت کی مستعدی کی صلاحتیں:** طلبا ایسی صلاحیتوں کو فروغ دیں گے جو ان کو ملازمت کی نشو و نما پاتی ہوئی منڈی میں موجودہ اور مستقبل کی ملازمتوں کے مواقع کے لیے تیار کریں گی۔ اس میں انتھک محنت کرنے کی صلاحیت، ایک مثبت رویے کی تعمیر شامل ہے بشمول وقت کو منظم کرنا، مؤثر ابلاغ کرنا اور مصنوعی اور حقیقت میں کام سیکھنے کی بنیاد پر ذاتی حمایت کرنے کے۔

## ACES پروگرام کی خصوصیات

- **کلاس کی ساخت:** ACES پروگرام میں طلبا ضلع 32-1 اسکول کی چھوٹی کلاسوں میں شرکت کرتے ہیں۔ ACES کی خاص کلاسوں میں طلبا کی تعداد بڑھتی جاتی ہے جیسے جیسے طلبا ایلیمنٹری اسکول سے مڈل اسکول اور پھر ہائی اسکول میں منتقل ہوتے ہیں۔ کنڈر گارٹن تا آٹھویں گریڈ تک، زیادہ تر ACES پروگراموں میں ایک خاص کلاس میں 12 تک طلبا، ایک خاص تعلیم استاد اور ایک کلاس روم ترتیب کا معاون پیشہ ور ہوتا ہے (12:1+1)۔ ہائی اسکول ( گریڈ 12-9)، ACES پروگرام میں 15 تک طلبا اور ایک خاص تعلیم استاد ہوتا ہے (15:1)۔ اسکولی برادری میں شمولیت کرنے اور جن ہمسروں کے پاس IEP نہیں ہے ان کے ساتھ مشغول ہونے کے لیے پروگرام طلبا کے لیے مشمولی مواقع فراہم کرتا ہے۔
- **عملہ:** اساتذہ اور معاونتی عملہ متخصص تعلیمی حکمت عملیوں، اورتشخیصات میں تربیت یافتہ ہوتے ہیں جو طالب علم کی تعلیم میں اور گھر پر، اسکول میں، اور برادری میں کام کرنے اور خود مختار / بنیادی زندگی گذارنے کی صلاحیتوں کا اطلاق کرنے میں معاونت کرتی ہیں۔
- **نصاب اور تدریس:** تعلیمی طریقوں کی اور تعلیمی کی فراہمی کی مطابقت کے ساتھ جیسا بھی مناسب ہو ACES پروگرام کلاسیں نیو یارک ریاست کے تعلیمی معیارات کی پابندی کرتی ہیں۔ پروگرام میں تدریس کے لیے عالمی ڈیزائن (UDL) اور اہم صلاحیتوں کی تعمیر کے اصول پروگرام کا حصہ ہیں۔

## ACES درخواست طریق کار

ذیل میں آپ کے بچے کی اہلیت کا تعین کرنے کے اقدامات ہیں:

1. **درخواست:** اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ASD پروگرام آپکے بچے کے لیے مناسب ہوسکتا ہے، اسکولی سال کے دوران کسی بھی وقت ایک درخواست مکمل کرنے اور جمع کروانے کے لیے اپنے بچے کی IEP ٹیم کے ساتھ کام کریں۔ داخلے کی کاروائی کو آگے بڑھانے کے لیے تمام تشخیصات درخواست کے تین سال کے اندر مکمل ہوجانی چاہییں۔ نئی تشخیصات کی درخواست مرکزی ACES ٹیم کے پاس کی جا سکتی ہے۔
   - اہل خانہ اور اسکول سال کے دوران کسی بھی وقت ایک درخواست جمع کروانے یا سوالات پوچھنے کے لیے مرکزی ACES ٹیم سے ذیل پر ای میل کر کے رابطہ کر سکتے ہیں ACESPrograms@schools.nyc.gov.
   - اگر بچہ ستمبر میں کنڈر گارٹن میں داخل ہوتا ہے تو اہل خانہ یا اسکول مرکزی ACES کو پروگرام ٹیم سےجلد از جلد رابطہ کریں۔
2. **مرکزی ACES ٹیم کی جانب سے تصدیق:** اگر آپ ACES مرکزی ٹیم کو ای میل کرتے ہیں تو آپ ایک ای میل موصول کریں گے جو آپ کو بتائے گی کہ آپ کی درخواست موصول ہوگئی ہے۔ اگر آپ ACES مرکزی پروگرام ٹیم کو درخواست فیکس کرتے ہیں تو آپ موصولی کی تصدیق کا ایک خط موصول کریں گے۔
   - اگر آپ اپنے بچے کی IEP ٹیم کو مطلع کیے بغیر اپنے بچے کے لیے ایک درخواست جمع کرواتے ہیں تو ACES مرکزی ٹیم آپ کے بچے کی IEP ٹیم کو مطلع کرے گی کہ آپ ACES پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں۔
   - اگر آپ کے بچے کی IEP ٹیم آپ کے بچے کے لیے درخواست جمع کرواتی ہے تو آپ بھی ایک اطلاع نامہ موصول کریں گے جو آپ کو مطلع کرے گا کہ ACES مرکزی ٹیم نے درخواست موصول کر لی ہے۔ براہ کرم یہ یقینی بنائیں کہ IEP ٹیم کے پاس آپ کا ای میل پتہ ہے۔
3. **ACES کے لیے ابتدائی جائزے کی اہلیت:** یہ تعین کرنے کے لیے کہ تشخیصات تازہ ترین ہیں اور یہ بچے کی عقلی اور تعلیمی، سماجی، لسانی، طرز عمل اور مطابقت پذیر صلاحیتوں کے بارے میں حسب ضرورت معلومات فراہم کرتی ہیں ACES مرکزی ٹیم ہر ایک طالب علم کے خاص تعلیم ریکارڈ کا جائزہ لیتی ہے۔ اس کے علاوہ، ریکارڈ کا جائزہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بھی لیا جاتا ہے کہ طالب علم ID یا MD خاص تعلیم معذوری کے درجات کے معیار پر پورا اترتا ہے۔
   - تجدید کردہ تشخیصات ۔ اگر حالیہ یا اضافی ٹیسٹ درکار ہیں تو آپ کے بچے کی IEP ٹیم سے کوئی بھی درکار تشخیصات انجام دینے کے لیے کہا جائے گا۔ آپ DOE کی جانب سے ایک خط موصول کریں گے جو آپ سے اضافی ٹیسٹوں کو کرنے کی اجازت طلب کرے گا۔
   - اضافی معلومات ۔ مرکزی ACES ٹیم کے ذریعے جائزہ لینے کے لیے اہل خانہ اضافی تشخیصات بھی جمع کروا سکتے ہیں۔ مرکزی ACES ٹیم کے ساتھ اشتراک کردہ کسی بھی تشخیص کو آپ کے بچے کے خاس تعلیم ریکارڈ میں شامل کر دیا جائے گا۔

4. **اہلیت کا تعین:** تشخیصات، مشاہدات کی معلومات، اور اساتذہ، خدمات فراہم کنندگان اور طالب علم کی IEP ٹیم سے جمع کی گئی اضافی معلومات کی بنیاد پر، طالب علم کی IEP ٹیم، جس میں طالب علم کے والدین شامل ہیں، مرکزی ACES ٹیم یہ تعین کرے گی کہ آیا آپکا بچہ ACES پروگرام کے لیے اہل ہے۔

5. **اسکول میں تقرری:** اگر آپکا بچہ ACES پروگرام کے لیے اہل ہے، آپ ایک ماقبل تحریری نوٹس (PWN) اور اسکول کے جائے وقوع کا خط (SLL) موصول کریں گے جو ACES پروگرام میں دستیاب نشست کے ساتھ ایک نشاندہی کردہ اسکول کی معلومات فراہم کرے گا۔ ACES پروگرام آپکے مقامی ضلعی اسکول سے مختلف اسکول میں ہوسکتا ہے۔ اگر اسکول آپ کے گھر کے نزدیک نہیں ہے تو آپ کا بچہ اسکول آنے جانے کے لیے بس کی خدمات موصول کر سکتا ہے۔

6. **دورے اور داخلہ:** اسکول کے جائے وقوع کے خط (SLL) میں رابطہ فرد کا نام اور اسکول کا پتہ شامل ہوگا۔ ایک دورے کا وقت طے کرنے کے لیے براہِ کرم اسکول سے رابطہ کریں۔ اسکول کا دورہ کرنے کے بعد، ٹیم کو مطلع کرنے کے لیے رابطہ کریں کہ آیا آپ پیشکش کو قبول کررہے ہیں یا مسترد کررہے ہیں۔

7. **نئے اسکول میں رجسٹر کرنا:** آپ کے ACES پیشکش کو قبول کرلینے کے بعد تو برائے مہربانی اپنے بچے کو نئے اسکول میں رجسٹر کروانے کے لیے اپنے ساتھ اسکول کے جائے وقوع کا خط بمعہ اپنے بچے کی پیدائش کے سرٹیفیکٹ اور اپنے پتے کے دو ثبوتوں کے لے کر جائیں۔ ہائی اسکول کے طلبا کے لیے رجسٹریشن کے طریق کار کو ACES ٹیم اور خاندانی استقبالیہ مرکز باہم مل کر کریں گے۔